12624 ـ قبرستان كے شروع ميں ہى ايك بار مردوں كو سلام كرنا كافى ہے

سوال

كيا قبرستان كے شروع ميں ايك بار ہى مردوں كو سلام كرنا (يعنى قبرستان والى دعا پڑھنا) كافى ہے ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ:

يہى كافى ہے اور اس طرح زيارت ہو جاتى ہے، اور اگر قبريں دور دور ہوں تو پھر سب طرف سے قبروں كى زيارت كرنے ميں كوئى حرج نہيں.

ديكھيں: كتاب

مجموع فتاوى و مقالات متنوعۃ فضيلۃ الشيخ عبد العزيز بن عبد اللہ بن باز رحمہ اللہ تعالى (13 / 335).

اور شيخ رحمہ اللہ تعالى سے يہ بھى سوال كيا گيا كہ:

كيا قبروں كى زيارت كرتے وقت زائر كے ليے اس قبر تك پہنچنا مشروع ہے جس كى زيارت كرنا مقصود تھى؟

تو شيخ رحمہ اللہ تعالى كا جواب تھا:

پہلى قبر كے پاس ہى كافى ہے، اور اگر وہ اس قبر تك جانا چاہے جس كى زيارت كرنا مقصود ہو تو اس ميں كوئى حرج نہيں ہے.